بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# روایت "رجب اللہ کا، شعبان نبی علیہ السلام کا اور رمضان مسلمانوں کا مہینہ ہے" کی تحقیق

## سوال:

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کافی لوگ کہتے ہیں کہ حدیث میں آیا ہے کہ رجب اللہ تعالیٰ کا مہینہ ہے، شعبان ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مہینہ ہے اور رمضان المبارک مسلمانوں کا مہینہ ہے۔ کیا ایسی کوئی حدیث ہے؟ اگر ہو تو حوالہ بتادیجیے! جزاک اللہ خیراً

**سائل: محمد بلال، کراچی**

## جواب:

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اس حوالے سے ایک روایت ملتی ہے جسے حافظ ابو القاسم علی بن ابی محمد الحسن بن ھبۃ اللہ المعروف ابن عساکر (ت 571ھ) نے نقل کیا ہے:

عن أنس بن مالك رضى الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:

"رجب شهر الله تعالىٰ وشعبان شهري ورمضان شهر أمتي."

(معجم ابن عساکر: ج1 ص186)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رجب اللہ تعالیٰ کا مہینہ ہے، شعبان میرا مہینہ ہے اور رمضان میری امت کا مہینہ ہے۔

☼ اس روایت کو نقل کرکے حافظ ابن عساکر رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

هذا حديث غريب جدا وفي إسناده غير واحد من المجهولين.

(معجم ابن عساکر: ج1 ص186)

ترجمہ: یہ حدیث بہت زیادہ "غریب" ہے اور اس کی سند میں بہت سے راوی مجہول ہیں۔

☼ امام ابو الفرج عبد الرحمٰن بن ابی الحسن علی تمیمی المعروف ابن جوزی (ت 597ھ) نے اسے موضوعات میں شمار کیا ہے۔

(الموضوعات لابن الجوزی: ج2 ص124)

☼ حافظ ابو الفضل شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی الشافعی (ت 852ھ) نے

بھی اس روایت کو ”باطل“ قرار دیا ہے۔

(تبیین العجب مماورد فی فضل رجب لابن حجر: ص7)

☼ امام رضی الدین الحسن بن محمد بن الحسن بن العمری الصَغانی الحنفی (ت650ھ) نے بھی اسے موضوعات میں شمار کیا ہے۔

(الموضوعات للصَغانی: ص4)

لہذا اس روایت کو بیان کرنے سے احتراز کیا جائے۔

**واللہ اعلم بالصواب**



**23-فروری 2021ء**